# مطبوعات

رنگِ سحر | مرتبہ، جناب طالب حجازی صاحب ناشر: حلقہ ادب اسلامی۔ حافظ آباد۔ قیمت عہ

یہ حافظ آباد کے اسلامی رجحانات رکھنے والے نوجوانوں کی نگارشات کا ایک مجموعہ ہے جس کے آغاز میں افرادِ حلقہ کا تعارف درج ہے۔ علاوہ بریں ادبی مسائل پر ملک کی بعض نمایاں شخصیتوں سے آراء حاصل کرکے مجموعہ کی زینت بنائی گئی ہیں۔ یوں تو نوجوانوں کا جو جذبہ اس میں کام کر رہا ہے وہ بہت متاثر کرتا ہے، مگر جب سوال معیارِ انتخاب کا سامنے آتا ہے تو حیرت ہوتی ہے کہ طالب حجازی جیسے ادیب نے ایک انتخابی مجموعہ مرتب کرتے ہوئے ڈھیلا ڈھالا معیار کیونکر سامنے رکھ لیا۔ لوگ کہیں گے کہ اگر ایک چمن کی یہ بہار ہو تو ۔۔۔۔۔!

ماہنامہ سوداگر، خاتون نمبر | بہ ادارت: سلطان احمد اللہ والے و جمیل الرحمن صاحبان۔ دفتر اشاعت: مرائے روڈ کراچی۔ قیمت خاص نمبر عہ

عورت پہلے بھی کمزور مخلوق تھی، لیکن آج تو وہ قدیم جاہلیت اور جدید جاہلیت کے دو گونہ گردابوں میں بری طرح غوطے کھا رہی ہے۔ نظریات اور کلچر اس بُری طرح ٹکرا رہے ہیں کہ مردوں کے سر چکرا چکرا جاتے ہیں، بیچاری عورت تو اور زیادہ سخت ابتلا کا شکار ہو رہی ہے۔ اس وقت ہماری خواتین صحیح ذہنی رہنمائی اور نظریاتی سہارے کی شدید محتاج ہیں۔ ماہنامہ سوداگر کے ادارہ نے اسی ضرورت کا احساس کرکے خاتون نمبر نکالا ہے! اس نمبر پر ہم تفصیلی اظہارِ رائے تو نہیں کر سکتے۔ بس اتنا ہی کہیں گے کہ ایک طرف اس مجموعۂ نگارشات کا فکری محور اسلام ہے۔ دوسری طرف حالات کے جدید تقاضے لکھنے والوں کے سامنے ہیں، پھر تنوع دلچسپی کو بڑھانے والا ہے ملک کے بعض چوٹی کے لکھنے والوں نے اس کی ترتیب میں حصہ لیا ہے۔ ہم اسے اپنے موضوع پر ایک کامیاب نمبر قرار دیتے ہیں اور خواتین کو اس کا مطالعہ کرنے کی ترغیب دلاتے ہیں۔

موتیوں کا ہار | مرتبہ: جناب افضل حسین صاحب ایم اے۔ ایل ٹی۔ ناشر: مکتبہ جماعت اسلامی (ہند) رام پور، یو۔پی۔ قیمت حصہ اول ۲ر، حصہ دوم نامعلوم، حصہ سوم ۵ ر

مؤلف کا میدان "درسیات" ہے۔ اسلام کو ایک نظام زندگی اور ایک تمدنی تحریک کی حیثیت سے ذہن

میں ملا کر جدید تعلیمی نظریات کی روشنی میں مختلف مدارج کے طلباء کے لیے آپ نے جو نصابی کتابیں لکھی ہیں وہ برِ صغیر ہند و پاک میں خراجِ تحسین حاصل کر چکی ہیں۔ اب موصوف نے لڑکیوں کا حق ادا کرنے کے لیے یہ نیا سلسلہ مرتب کیا ہے۔ زبان بہت آسان، مطالب نہایت عمدہ اور اندازِ ترتیب درسی ضروریات کے مطابق ہے۔ تینوں حصوں میں ذہنی لحاظ سے موزوں تدریج پائی جاتی ہے۔ توقع ہے کہ مسلمان گھروں میں سونے اور موتیوں کے ہاروں سے زیادہ اس ایمانی و اخلاقی ہار کی قدر کی جائے گی۔

**حیواناتِ قرآنی** | از جناب مولانا عبدالماجد صاحب دریا بادی۔ شائع کردہ: مکتبہ ندوۃ المعارف (بنارس۔ الٰہ آباد۔ کلکتہ)۔ قیمت مجلد عہ ر

مولانا عبدالماجد صاحب مدیر صدقِ جدید نے اس مختصر کتاب میں اُن تمام حیوانات کا ذکر کیا ہے جن کا تذکرہ قرآن مجید میں آیا ہے۔ کتاب کی ترتیب لغت کے طرز پر حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہے۔ ہر جانور کے متعلق بتایا گیا ہے کہ اس کا ذکر قرآن میں کہاں کہاں کس سلسلۂ بحث میں آیا ہے اور اس کے بارے میں دوسری معلومات بھی دی گئی ہیں۔ اگرچہ اس کا کوئی خاص فائدہ تو سمجھ میں نہیں آیا، تاہم قرآن مجید کی علمی خدمت کا یہ ایک نیا گوشہ ہے اور اس کتاب پاک کی خدمت کا جذبہ بجائے خود قابلِ قدر ہے۔

**آسان ریاضی** | از جناب شوکت علی صاحب بی اے، ایل ٹی۔ شائع کردہ: مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی (ہند) رام پور۔ یو پی۔ قیمت ۴ ار

یہ بھی ایک نصابی سلسلہ ہے جس کا چوتھا حصہ ہمارے سامنے ہے۔ پیش لفظ سے واضح ہے کہ حسابی قاعدوں کو جدید طریقِ تعلیم کے لحاظ سے مرتب کیا گیا ہے۔ پھر "اسلامی رنگ" حساب کے سوالوں میں حل کر دیا گیا ہے۔ اعدادِ مفرد و مرکب اور ان کے اجزائے ضربی نکالنا، اجزائے ضربی کے ذریعے ضرب و تقسیم کرنا، عادِ اعظم، ذو اضعافِ اقل، کسور اور ان کی جمع و تفریق، چاروں مفرد و مرکب قاعدوں کا عملی زندگی میں استعمال۔ کسورِ اعشاریہ دسویں تک لکھنا اور پڑھنا۔ آمد و خرچ کا حساب مرتب کرنا، علم ہندسہ کے مبادیات نیز ضروری اوزان اور پیمانے، آسان ریاضی کے حصہ چہارم کے ذریعے بچوں کو سکھائے جا سکتے ہیں۔ ہم سفارش کرتے ہیں کہ پاکستان کے مرتبینِ نصابیات اور اساتذۂ کرام اس سلسلے کا بغور مطالعہ کریں اور بچوں کو اس سے استفادہ کرنے کی ترغیب دلائیں۔ مدارس

کی لائبریریوں میں بھی اس کا رکھنا مفید ہوگا۔

**مثنوی الواحِ زبرجد** | از جناب ابوسعید صاحب بزمی ملنے کا پتہ درج نہیں قیمت دو روپے۔

یہ ایک طویل فارسی مثنوی ہے جس کا مقصد "احیائے خودی" ہے۔ شاعر کا سرچشمۂ فکر اسلام ہے اور وہ ایک مسلمان کی نگاہ سے اپنے معاشرے کو دیکھتا ہے اور اس کے علماء، صوفیاء، اہل قلم، شعراء، نوجوانوں اور عوام کو جھنجوڑ کر زندگی میں ایک صالح تغیر بپا کرنے کے لیے آمادہ کرنا چاہتا ہے۔ لیکن یہ ہماری سمجھ میں نہ آیا کہ اس کے سامنے وہ کون لوگ ہیں جن کے لیے اس نے فارسی زبان کو ذریعہ بنایا ہے اور ترتیب مثنوی کا ایک ایسا انداز اختیار کیا ہے جس سے آج کا ذہن بہت دور نکل آیا ہے۔ پھر یہ کہ شعریت حد درجہ کمزور ہے اور شعر، خصوصاً مثنوی کے لیے وہ مناسب زبان پیدا نہیں کر سکا۔ ترکیبِ اضافت، مسخ تلفظ اور نامانوس الفاظ کے استعمال کی بھرمار ہے جس کی وجہ سے ایک صاحبِ ذوق کے لیے مثنوی کا پڑھنا بوجھ بن جاتا ہے۔

**کیا دین قائم ہے؟** | از جناب ڈاکٹر شیدا قادری۔ شائع کردہ: مکتبہ تعمیر انسانیت، ۲۵۰ گوجر گلی، موچی دروازہ لاہور۔ قیمت درج نہیں۔

اس پمفلٹ میں ایک قلبِ حساس نے دردمندانہ جذبات سے اس تضاد کو نمایاں کیا ہے جو ہمارے عقیدہ و عمل اور ہمارے انفرادی دین اور اجتماعی نظام میں پایا جاتا ہے۔

**WHY ISLAMIC CONSTITUTION ONLY.** | از جناب چوہدری علی احمد خاں۔ شائع کردہ: جہانِ نو پبلیکیشنز، ڈھاکہ قیمت ۸/

آج جبکہ اسلام کے نام پر ایک مسلمان قوم کے ہاتھوں بے حساب قربانیوں سے قائم ہونے والی سلطنت پاکستان میں ایک بگڑے ہوئے عنصر نے دستور کے مسئلے پر فکری انتشار پیدا کر دیا ہے، یہ انگریزی پمفلٹ مفید ذہنی رہنمائی بہم پہنچاتا ہے۔ تھوڑے صفحات میں وہ ٹھوس دلائل صراحت سے بیان کر دیئے گئے ہیں جو اسلامی دستور کے متقاضی ہیں۔ معیارِ طباعت اچھا ہے۔

**پاکستان میں اردو کا مسئلہ** | مرتبہ: جناب محمد رکن الدین صاحب حسان (عثمانیہ) معتمد اردو کانفرنس۔

اردو کانفرنس کا انعقاد انجمن طلبائے قدیم جامعہ عثمانیہ (پاکستان)، کراچی کا مرہونِ منت ہے۔ یہ پمفلٹ زبان کے مسئلے میں انہی حضرات کا نقطۂ نظر سامنے لاتا ہے۔ خلاصۂ مدعا یہ ہے کہ اردو کو صوبائی بولیوں

ڑائے بغیر اور علاقائی حدود میں ان کے فروغ کو روکے بغیر قومی زبان کی حیثیت سے اس کی ترویج کے لیے ایسی صورتیں اختیار کی جائیں جن کے ذریعے پاکستان کے جملہ علاقائی عناصر کی دلی رضامندی حاصل ہوسکے پمفلٹ خوبصورت ٹائپ میں چھپا ہے۔

**آدم - نوح** | مرتبہ: عبیدالحق صاحب۔ شائع کردہ: المکتبۃ العلمیہ - ۱۵، لیک روڈ، لاہور۔ قیمت ہر ایک ۵؍

یہ دونوں پمفلٹ دو جلیل القدر انبیاء کے قرآنی حالات پر مشتمل ہیں اور بچوں کے مطالعہ کے لیے عربی سے اردو میں ترجمہ کیے گئے ہیں۔ زبان مناسب، ترجمہ صاف!

**رفیق النکاح** | مؤلفہ: مولوی محمد ظفر صاحب بی اے، ایل ایل بی، وکیل، سرگودھا۔ ۱۰ کی ٹکٹیں بھیج کر مؤلف سے حاصل کریں۔

"سلکِ مروارید" کے نام سے مؤلف نے ایک اشاعتی سلسلہ شروع کر رکھا ہے جو کم سے کم ۴ ؍ ماہانہ کے چندہ پر بہم پہنچایا جاتا ہے۔ اسی کی ایک کڑی یہ کتابچہ ہے جو پاکٹ بک سائز پر ہے۔ اس میں مکالمہ کے انداز میں مسائلِ نکاح بیان کیے گئے ہیں۔

**ماہنامہ "الفقر"** | بادارت: جناب محمد سرور صاحب قریشی۔ مقام اشاعت: تعلیمی پریس، گرین وڈ اسٹریٹ سیالکوٹ۔ فی پرچہ ۵؍۔ چندہ سالانہ ۳ روپے۔

نام سے مغالطہ نہ ہو، یہ ماہنامہ طالب علموں اور بچوں کے لیے شائع ہوتا ہے۔ مزاج اسلامی ہے اور نقطۂ نظر تعلیمی۔ معیارِ طباعت آہستہ آہستہ ترقی کر رہا ہے۔

**THE ESSENCE OF ISLAMIC TEACHINGS.** | از قلم: سید نواب علی صاحب۔ ناشر: اشرف پبلیکیشنز، لاہور۔ قیمت ۱۲؍

یہ کتاب اسلام کا ایک اجمالی تعارف کرانے کے لیے انگریزی میں لکھی گئی ہے۔ ہماری طلبہ میں یہ ایک صاف نقطۂ نظر کو لیے ہوئے ہے اور اس کے پس منظر میں خاصا مطالعہ جھلکتا ہے۔ میٹرک تک کی استعداد رکھنے والے طلبہ کے لیے بھی بہت مفید رہے گی۔ طباعتی معیار بہت اچھا ہے۔

**NOTES ON IQBAL'S ASRAR-I-KHUDI.** | از جناب آرتھر جے آربری۔ ناشر: اشرف پبلیکیشنز، لاہور۔ قیمت ۱۲؍

یہ اقبال کی مشہور فارسی مثنوی "اسرارِ خودی" کا انگریزی زبان میں مصرع بمصرع

ترجمہ ہے۔ افسوس کہ ہم ترجمہ کی نوعیت کا تفصیلی جائزہ نہیں لے سکے۔ طباعتی معیار اچھا ہے۔

**COMPLAINT AND ANSWER.** | از جناب آر تھرجے، آربری۔ ناشر: شیخ محمد اشرف پبلشر کشمیری بازار لاہور۔ قیمت دو روپے۔ یہ اقبالؒ کے شکوہ وجواب شکوہ کا انگریزی میں ترجمہ ہے۔ طباعت کا معیار اچھا!

**حصول تیسیر بیان** | مؤلفہ: جناب عنایت اللہ اثری، مدرس دار الحدیث، گجرات پنجاب۔ ملنے کا پتہ: ناظم انجمن اہل حدیث، گجرات، پنجاب۔ قیمت ۸؍

کتاب کا موضوع "اصول تفسیر" ہے۔ اصول اس انداز سے بیان کیے گئے ہیں کہ ساتھ ساتھ اہم تفسیری مواقع کی مثالیں دی گئی ہیں۔ پیرایہ سوال وجواب کا سا ہے۔ اسلوب کلام علماء کا سا ہے۔ طباعتی معیار بہت سادہ!

**تیسیر الصرف** | تالیف جناب حاجی محمد ابراہیم بن مولوی نظام الدین صاحب، منڈی عارف والہ۔ مؤلف سے طلب کریں۔ قیمت درج نہیں۔

عربی کے قواعدِ صرف اجمال سے بیان کیے گئے ہیں۔ اسلوب پرانا، معیارِ طباعت سادہ!

---